26/04/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر میں بصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں کیا کئی موضوعات پر اظہار خیال ۔

*........ سرینگر میں منعقد ہوا تین روزہ چنتن شِوِر اختتام پذیر // ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کیا سرینگر کھیل سنکلپ دستاویز جاری۔

*........ جسمانی اعضاءکا عطیہ انسانیت کی خدمت کا اعلیٰ درجہ // لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا۔

اور

*........ وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے کرناٹک کے سرمایہ کاروں کو دی جموں کشمیر کے تعلیمی سیکٹر میں سرمایہ کاری کی دعوت۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں الگ الگ موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوںنے ملک کی متعدد حصولیابیوناور کامیابیوں کو اُجاگر کر تے ہوئے مختلف شعبوں میں بھارتی با شندوں کی نمایاں کارکردگی کو سراہا۔

وزیر اعظم نے کھلاڑیوں سے لے کر سائنسدانوں تک وِکست بھارت کیلئے ملک کی راہ میں کام کرنے والے ذہین لوگوں کو ایک بیش قیمتی سرمایہ قرار دیا۔ انہوںنے بھارت کے سیول نیوکلیائی پروگرام کی سراہنا کی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ثقافتی وراثت سے مالا مال بھارت کثرت میں وحدت کی عکاسی کر تا ہے اور یہاں دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ کھانے کی ضیافتوں کے ذائقے بھی انسان کو لبھاتے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوںنے جمونو کشمیر کی ایک مخصوص ضیافت کلاڑی کا ذکر کیا۔

-------PM-1-------

وزیر اعظم نے مرد م شماری2027کے موضوع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس باریہ عمل مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا گیا ہے اور اس میں لوگوں کی آسانی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

------PM-2-----

نریندر مو دی نے لوگوں کی طرف سے موصول ہونے والے متعدد مراسلوں اور پیغامات کو بھی پروگرام میں شامل کیا اور ان میں ارسال کی گئی تجاویز کو سراہا۔

چنتن شِوِر

سرینگر میں منعقد ہوئے تین رزہ چنتن شِوِرکے آخری روز آج کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے " سرینگر کھیل سنکلپ دستاویز" کی رسم اجرائی انجام دی۔ اس دستاویز مینملک میں کھیلوں کے منظر نامے کو مزید مستحکم کرنے کا ایک قومی نظریہ ترتیب دیاگیاہے۔ تقریب کے حاشیے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

........Munsukh Mandaviya........

اس موقعے پر 15ریاستوں کے وزرائے کھیل اور کھیلوں سے جڑی کئی نامور شخصیات موجود تھیں۔اس سے قبل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل چنتن شِوِر سے خطاب کرتے ہوئے زمینی سطح پر گاؤں دیہات میں کھیل کود کے کلچر کو بڑھاوا دینے کی ضرورت اُجاگر کی ۔

شرما

چنتن شِوِ ر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کھیلونکے وزیر ستیش شرما نے کہا کہ جموں کشمیر کو کھیل سرگرمیوں کا ایک مرکز اور پسندیدہ مقام بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ یو ٹی میں دیگر کھیلوں کے علاوہ سرمائی کھیلوں کے انعقاد کی وسیع گنجائش موجود ہے۔

سنڈے آن سائیکل

چنتن شور کے خصوصی شمارے کے ایک حصے کے طور آج جھیل ڈل کے کنارے بلیوارڈ پر "Sundays on Cycle" پروگرام کا انعقاد ہوا ۔اس پروگرام میں کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور جموں کشمیر کے کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے بھی شرکت کی ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزراءنے کہا کہ سرکار کھیلوں کو فروغ دینے اور سرحدی و دیہی علاقوں میں نوجوانوں کو کھیل سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے وعدہ بند ہے۔

منوج سنہا

دیوس کے سلسلے میں جموں مینمیں منعقدہ ایک تقریب "Naman" لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج میں شرکت کی ۔ یہ تقریب جسمانی اعضاءعیطے میں دینے والوں اور ان کے اہل خانہ کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی ۔

اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ جسمانی اعضاءعطیہ کرنے والے لوگ مجبور انسانوں کی زندگی میں خوشیاں لانے کا باعث بنتے ہیں۔انہوں نے کہاکہ یہ انسانیت کی خدمت کا ایک اعلی درجہ ہے۔

وزیراعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آ ج کرناٹک کی راجدھانی بنگلورو میں تعلیمی سیکٹر سے وابستہ ایک وفد کے ساتھ اعلیٰ تعلیم سے جڑے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں حال ہی میں نوٹیفائی کئے گئے پرائیویٹ یونیورسٹی ایکٹ سے پیدا ہوئے امکانات کے بار ے میں وفد کو جانکاری دی ۔انہوں نے بنگلورو کے اداروں کو جموں کشمیر کے اعلی تعلیمی سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی ۔

اس موقعے پر وزیر اعلی کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ممبر اسمبلی تنویر صادق بھی موجود تھے۔

جاوید ڈار وفد

کاپریٹو سوسائٹیز اور ڈائیری فارمرس کے کئی وفود نے آج جموں میں Milk جموں صوبے کی زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے مطالبات ان کی دانست میں لائے ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر میں کاپریٹیو ز کو مزید مستحکم اور منافع بخش بنانے کیلئے کام کر رہی ہے ۔ انہوں نے وفود کے جائز مطالبات پورا کرنے کا یقین دلایا۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج کشتواڑ میں ضلع انتظامیہ کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں ضلع کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کو بر وقت مکمل کرنے اور لوگوں کی راحت رسانی کیلئے موثراقدامات کرنے کی ہدایت دی ۔ کشتواڑ شگُن پریہار اور ڈپٹی کمشنر پنکج MLAمیٹنگ میں راجیہ سبھا ممبر سجاد احمد کچلو ، کمار شرما بھی موجود تھے۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں  شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے میں وادی کے ایک قلمکار اور سماجی کارکن مشتاق کینی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----Mushtaq Canny----

NDPS

اس دوران جموں کشمیر میں منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی نتیجہ خیز کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس نے اننت ناگ ، اونتی پورہ ، بڈگام اور شوپیان میں خشخاش کی کاشت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی اور NDPS- ایکٹ کے تحت کیس درج کئے

پولیس نے اونتی پورہ میں شارشالی کے رہنے والے عاشق حسین بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں منشیات مخالف کارروائیاں شدو مد سے جاری ہیں۔

درخشاں

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے جموں صوبے کے ڈوڈہ ضلعے میں وقف بورڈ کے پہلے کثیر المقاصد اسپورٹس اسٹیڈیم اور تفریحی مرکز کا افتتاح کیا۔کھیل مقابلوں کیلئے جدید سہولیات سے لیس یہ اسٹیڈیم جموں کشمیر میں اپنی نوعیت کا پہلا اسٹیڈیم ہے -

اس موقعے پر وقف بورڈ کی چیر پرسن نے کہا کہ وقف بورڈ جمونکشمیر میں عوام کی فلاح کیلئے ٹھوس اقدام کر رہا ہے -

بور ڈ کی چیر پرسن نے وہاں گیسٹ ہاؤس کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا کہ بورڈ اس برس ترقیاتی سرگرمیوں پر  خاص توجہ دے رہی ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

جوائنٹ سیکریٹری

کا کشمیر اور Prithul Kumar اطلاعات و نشریات کی مرکزی وزارت کے جوائنٹ سیکریٹری کرگل کا پانچ روزہ دورہ آج اختتام پذیر ہوا ۔اپنے دورے کے آغاز پر23اپریل کو انہوں نے سرینگر میں دور درشن کیندر اور آکاشوانی سرینگر کا دورہ کیا اور افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں ان اداروں کی کارگذاری کا جائزہ لیا۔

Prithul کرگل کے دورے کے دوران انہوں نے وہاں آکاشوانی سٹیشن کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ نے کرگل وار میموریل پر بھی حاضری دی ہمارے کرگل کے نمائندے عنایت علی کے Kumar ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

...........Prithul Kumar........

NIT

جموں کشمیر میں سٹارٹ اپس ایکو سسٹم کو دوام بخشنے کے ایک پہل کے طور نیشنل انسٹی نے تقریب تقسیم GIF فاؤنڈیشن Greenovator Incubationچیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگرکے کے دوسرے مرحلے کے تحت دس ابھرتے سٹارٹ اپس کوCohortانعامات 2026کے دوران گرانٹس سے نوازا ۔ اس پروگرام کامقصد نوجوانوں میں اختراع اور کاروباری Incubation کے ڈائریکٹر پروفیسر بنود کمار کنوجیا نے کہا کہ اس طرح کے NIT رجحان کو فروغ دینا تھا ۔ اقدامات سے نوجوانوں کو اپنے اختراعی خیالات کو عملی شکل دینے میں مدد ملے گی۔

نے آکاشوانی Saad Parvez ڈاکٹرInvestigator کے پرنسپلGIF NIT پروگرام پرکے بارے میں نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Saad Parvez........

زبیر سلیم

بزرگ افراد کو عموما قوت مدافعت کی کمزوری کا سامناکرنا پڑتا ہے جس کے نتیجے میں انہیں کئی طرح کے امراض لگ جاتے ہیں۔

اس صورتحال میں ویکسینشن کی اہمیت کے بارے میں بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر// ڈاکٹر زُبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

----Zubair Saleem----

عدلیہ

گلشن گراؤنڈ جموں کے پولیس آڈیٹوریم میں آج جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈمی کے اہتمام سے جموں کشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس ارن پلی کی نگرانی میں " نئے فوجداری قوانین کے تناظر مینفوجداری نظام انصاف " کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی پروگرام منعقد ہوا ۔

پروگرام سے ہائیکورٹ جج جسٹس رجنیش اوسوال اور جسٹس راہول بھارتی کے علاوہ دیگر کئی ماہرینِ قانون نے خطاب کیا ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی عوامی حکومت نے عوامی مفاد کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں لیاہے۔ سرینگرمیں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے یقین ظاہر کیاکہ اتحاد بیداری اور عوامی شراکت کے ذریعے جموں کشمیر ایک بار پھر ترقی اور استحکام کے راہ پرگامز ن ہوگا۔

حکیم یاسین

صدر حکیم محمد یاسین نے الزام عائد کیا ہے کہ سرکار جموں کشمیر میں بیروزگار ی پر PDF قابو پانے میں نا کام ہو گئی ہے۔پارٹی ورکروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ سرکار کو نوجوانوں کی امنگیں پورا کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔

BOPEE

کے اہتمام سے آج جموں کشمیر میںBOPEE جموں کشمیر بورڈ آف پروفیشنل اینٹرنس ایگزامنیشنز ٹیکنالوجی کیلئے مشترکہ داخلہ امتحانات منعقد ہوئے ۔ان B.Sc پیرا میڈیکل اور B.Scنرسنگ ، B.Sc امتحانات کیلئے جموں کشمیر میں48امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔ان امتحانات میں 25ہزار90امید واروں نے شرکت کی ۔

یوم وصال

جموں کشمیر کے سرکردہ عالم دین، مبلغ اور میر واعظ کشمیر مولانا احمد اللہ ہمدانی کا89واں یوم وصال کل منایاجا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تاریخی خانقاہ معلی سرینگر میں ایک مختصر تقریب منعقد ہوگی ۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرحوم احمد اللہ ہمدانی کوان کے یوم وصال پر خراج پیش کیا ہے۔

ٹرمپ

کے سالانہ عشائیہ کے دوران وہاں ہتھیاروں سے Correspondents امریکہ کے وائٹ ہاؤس میں لیس ایک شخص نے گولیاں چلائیں تاہم امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور وائٹ ہاؤس کے دیگرعہدیداروں کو وہاں سے بحفاظت باہر نکالا گیا ۔حملے کے کچھ گھنٹے بعد ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ سکیورٹی اہلکاروں نے کلیفورنیا کے رہنے والے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 46منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر11منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

.....................................................

........................

................

....